# 85392- کچھ مدت قبل بچے کے عقیقہ میں ایک بکرا ذبح کیا

## سوال

میرے ہاں چھ برس قبل بچے کی پیدائش ہوئی تو میں نے عقیقہ میں ایک بکرا ذبح کیا تو کیا عقیقہ پورا کرنے کے لیے اب میں دوسرا بکرا ذبح کرسکتا ہوں، یا کہ دوبارہ دو ہی ذبح کرنا ہونگے ؟

## پسندیدہ جواب

عقیقہ سنت مؤکدہ ہے، اور ترک کرنے والے گناہ نہیں، کیونکہ سنن ابوداود میں عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جس کا بچہ پیدا ہو اور وہ اس کی جانب سے جانور ذبح کرنا پسند کرے تو ذبح کرے، بچے کی جانب سے دو کفائت کرنے والے بکرے، اور بچی کی جانب سے ایک بکرا"

سنن ابوداود حدیث نمبر (2842) علامہ البانی رحمہ اللہ نے اسے صحیح ابوداود میں حسن قرار دیا ہے.

اور جب آپ اس سنت پر عمل کرنا چاہتے ہیں تو پھر اب ایک اور بکرا ذبح کرلیں تا کہ چند برس قبل عقیقہ کی تکمیل ہوسکے.

مزید آپ سوال نمبر (38197) اور (20018) کے جوابات کا مطالعہ بھی کریں.

واللہ اعلم.